
Bullet No. 2

Dated: 31 AUG 2026 Page No. 10


# عوام تک براہ راست فائدہ پہنچانے والے منصوبوں کو ترجیح دی جائے، چیف سیکرٹری

تمام محکمے عوامی خدمت، فلاح و بہبود میں مزید بہتری لانے کیلئے اپنی کاوشیں تیز کردیں، شکیل قادر خان

عوامی منصوبوں کی معیار اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، صوبائی محکموں سے [illegible] اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ط ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں مختلف محکموں نے اپنی دو سالہ کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں [illegible] نے متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی، اصلاحات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع [illegible]

بقیہ 41 صفحہ نمبر 7

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے محکموں کی جانب سے پیش کردہ بریفنگ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام تک براہ راست فائدہ پہنچانے والے منصوبوں کو ترجیح دی جائے اور ان کی مقررہ وقت پر تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام محکمے عوامی خدمت، فلاح و بہبود میں مزید بہتری لانے کیلئے اپنی کاوشیں تیز کریں اور [illegible] کو یقینی بنائیں۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ [illegible] کے نفاذ کو تیز کیا جائے، غیر ضروری [illegible] کے خاتمے [illegible] عمل کیا جائے اور عوامی منصوبوں کی معیار اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔ سیکرٹریز نے اپنی رپورٹس میں عوامی خدمات کے فروغ، ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت، اور وسائل کے شفاف استعمال کی تفصیلات پیش کیں۔ اجلاس میں خاص طور پر [illegible] کے تحت آن لائن سروسز، ای-ریکارڈنگ اور ای-فائلنگ مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کو تیز کرنے کی کوششوں کو سراہا گیا۔

INTEKHAB QUETTA

# ترقیاتی منصوبے مقررہ وقت میں مکمل کئے جائیں، چیف سیکرٹری

شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس، مختلف محکموں نے اپنی دو سالہ کارکردگی رپورٹ پیش کی

کوئٹہ (ط ن) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کی زیر صدارت اجلاس میں مختلف محکموں نے اپنی دو سالہ کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ اجلاس میں محکمہ صحت، [illegible] کے سیکرٹریز اور [illegible] نے متعلقہ شعبہ جات کی کارکردگی، اصلاحات اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیف سیکرٹری نے محکموں کی

بقیہ نمبر 61 صفحہ 5 پر

جانب سے پیش کردہ بریفنگ پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عوام کی فلاح و بہبود صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ عوام تک براہ راست فائدہ پہنچانے والے منصوبوں کو ترجیح دی جائے اور ان کی مقررہ وقت پر تکمیل یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام محکمے عوامی خدمت، فلاح و بہبود میں مزید بہتری لانے کے لئے اپنی کاوشیں تیز کریں [illegible]۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ [illegible] کے نفاذ کو تیز کیا جائے۔ غیر ضروری [illegible] عمل کیا جائے اور عوامی منصوبوں کی معیار اور شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو خصوصی توجہ دینے کی بھی ہدایت کی۔

## کوئٹہ بلاک میں انسداد پولیو کی بوسٹر مہم آج شروع ہوگی

**تقریباً 1 لاکھ 78 ہزار بچوں کو ویکسین پلائی جائیگی، وائرس کی موجودگی کے باعث مہم چلائی جارہی ہے، انتظامیہ**

کوئٹہ (این این آئی) ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان 31 اگست سے کوئٹہ بلاک میں پانچ روزہ پولیو بوسٹر مہم شروع کرنے جارہا ہے، جس کے دوران اسکولوں اور مدارس میں 5 سے 10 سال کی عمر کے تقریباً 1 لاکھ 78 ہزار بچوں کو ویکسین پلائی جائے گی۔ [illegible] 2001 [illegible] (HPV) [illegible]

### انسداد پولیو مہم سے لاتعلقی کا اعلان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل پاکستان پرائیویٹ اسکولز فیڈریشن بلوچستان، آل بلوچستان [illegible] [illegible]

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی [illegible]

## [illegible] کی آگاہی کیلئے کیمپس تشکیل دیدیے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) [illegible]

MASHRIQ QUETTA

## ایم ایل ون منصوبہ، بلوچستان میں فریٹ رسائی کو وسعت ملے گی

منصوبے کے تحت مال برداری کو شاہراہ سے ریل کی جانب منتقل کرنے اور مخصوص فریٹ کوریڈور کے قیام پر توجہ ہے، ذرائع

**ایس آئی ایف سی کی سہولت کاری سے جدید ریلوے اور [illegible] منصوبے سے [illegible] ترقی و معاشی رابطہ کاری کو [illegible]**

اسلام آباد (راؤ احمد خان) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے ایم ایل ون منصوبے کے آغاز سے قومی [illegible] اور علاقائی ترقی میں اہم پیش رفت ہوگی۔ [illegible] ... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7

## بلوچستان ہائیکورٹ میں قائم سہولت سنٹر کا افتتاح آج ہوگا

**چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سنٹر کا باقاعدہ افتتاح کرینگے**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ہائیکورٹ کوئٹہ میں قائم کردہ سہولت سنٹر کی افتتاحی تقریب آج 31 اگست [illegible] چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس ........ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7

یحییٰ آفریدی کریں گے۔ افتتاحی تقریب میں سپریم کورٹ آف پاکستان اور ہائی کورٹ آف بلوچستان کے معزز جج صاحبان سمیت چیف جسٹس صاحبان بھی شرکت کریں گے۔ تقریب صبح 10:30 بجے بلوچستان ہائیکورٹ کے احاطے میں ہوگی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان



Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated 31 AUG 2026 Page No. 12


# روزگار دیا جائے، ٹی وی و تھیٹر آرٹسٹ کی وزیراعلیٰ سے اپیل

**دودھ و پانی کی بوتلیں بیچنے پر مجبور، گھر کا گزارہ مشکل سے ہو رہا ہے، مسکان بی بی کی میڈیا سے گفتگو**

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کی رہائشی ٹی وی اور تھیٹر کی آرٹسٹ مسکان بی بی نے وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی سے اپیل کی ہے کہ روزگار نہ ہونے کی وجہ سے میں اور بچے نان شبینہ کے محتاج ہیں۔ دودھ اور پانی کی بوتلیں فروخت کرکے گزارہ کرنے پر مجبور ہیں مجھے روزگار فراہم کیا جائے تاکہ اپنے بچوں کا باعزت طریقے سے پیٹ پال سکوں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے مطالبات کے حق میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے دیئے گئے دھرنے کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے

بقیہ نمبر 21 صفحہ 5 پر

کہا کہ میں پہلے ٹی وی اور تھیٹر میں کام کرتی تھی جس کی وجہ سے گھر کا گزارہ چل رہا تھا اب ٹی وی پر کام نہیں ملتا اور تھیٹر کا سلسلہ بھی نہ ہونے کے برابر ہے بڑھتی مہنگائی کی وجہ سے دودھ اور پانی کی بوتلیں فروخت کرکے گزارہ کرنے کی کوشش کرتی ہوں جس میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے میرا شوہر شوگر کا مریض ہے اور مزدوری نہیں کرسکتا۔ میری وزیراعلیٰ سے اپیل ہے کہ محکمہ ثقافت کے توسط سے روزگار یا کوئی نوکری دی جائے تاکہ میں اپنے بچوں کی کفالت کرسکوں۔

# حب: پانی کی فراہمی اور منصفانہ و بلاتعطل تقسیم یقینی بنائی جائے، ڈی سی

**جمعہ داد مندوخیل کا حب ڈیم اور لسبیلہ کینال کے ڈسٹری بیوشن پوائنٹ کا دورہ، پانی کی سطح و ترسیل کا جائزہ لیا**

حب (نمائندہ انتخاب) ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان مندوخیل کی قیادت میں حب ڈیم اور لسبیلہ کینال کے ڈسٹری بیوشن پوائنٹ کا مشترکہ دورہ اور تفصیلی معائنہ کیا گیا، دورے کے دوران ایکسین حب ڈیم و عملہ، لسبیلہ کینال کے انجینئرز، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب اور ضلعی چیئرمین بھی موجود تھے۔ اس دوران لسبیلہ کینال میں پانی کی سطح، ترسیل کے نظام اور ضلع حب کے پانی کے حصے کا تفصیلی جائزہ لیا۔ معائنہ کے دوران فیصلہ کیا گیا کہ ضلع حب کو اس کا مکمل اور جائز حصہ فراہم کیا جائے گا، جس کے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 5 پر

تحت کینال میں پانی کی سطح ترسیل میں اضافہ بھی کیا گیا۔ علاوہ ازیں، پانی کی منصفانہ اور شفاف تقسیم کو یقینی بنانے کے لئے تمام غیرقانونی پانی کے کنکشن کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں منقطع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ ان اقدامات کا مقصد ضلع حب میں پینے کے پانی، زراعت اور صنعتی ضروریات کے لئے پانی کی دستیابی کو بہتر بنانا اور عوام کو درپیش پانی کے مسئلے کا مستقل حل یقینی بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر حب نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ باہمی رابطے اور موثر نگرانی کے ذریعے ضلع حب کے جائز پانی کے حصے کی فراہمی اور منصفانہ و بلاتعطل تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 3

Dated: 31 AUG 2026 Page No. 3

# صوبے بھر میں پرتشدد واقعات نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، پشتونخوا نیپ

وی لوئی کے علاقے قلی بختیار خان میں بارودی سرنگ دھماکے میں 3 سگے بھائیوں کی شہادت دلخراش واقعہ ہے

عوام، مزدور، پولیس اہلکار، سیاسی کارکن اور شہری ٹارگٹ کلنگ، اغوا، دھماکوں کی وجہ سے ذہنی اذیت اور شدید خطرات سے دوچار ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے وی لوئی کے علاقے قلی بختیار خان میں بارودی سرنگ کے دھماکے کے نتیجے میں تین سگے بھائیوں کی شہادت پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ صوبے کے مختلف علاقوں میں مسلسل دہشت گردی، ٹارگٹ کلنگ، اغوا، بارودی سرنگوں کے دھماکوں اور دیگر پرتشدد واقعات نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ حکومت اور ریاستی ...... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

اداروں کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ عوام کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، لیکن بدقسمتی سے آئے روز پیش آنے والے افسوسناک واقعات کے باعث عوام میں شدید خوف و ہراس اور عدم تحفظ پایا جاتا ہے۔ پارٹی نے کہا کہ وی لوئی کے علاقے قلی بختیار خان میں بارودی سرنگ کے دھماکے میں تین سگے بھائیوں کی شہادت انتہائی المناک اور دلخراش واقعہ ہے ایک ہی خاندان کے تین نوجوانوں کا اس طرح جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے علاقے کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی شہید ہونے والے تینوں بھائیوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتی ہے کہ متاثرہ خاندان کو فوری مالی معاونت فراہم کی جائے، واقعہ کی مکمل اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کہا کہ حالیہ عرصے کے دوران صوبے کے مختلف علاقوں میں دہشت گردی کے واقعات میں خطرناک حد تک اضافہ ہوا ہے۔ زیارت مانگی کے علاقے میں دہشت گردی کے واقعے میں 31 پولیس اہلکاروں کی شہادت ایک انتہائی سنگین سانحہ ہے۔ اتنی بڑی تعداد میں پولیس اہلکاروں کی شہادت نے صوبے میں امن و امان کی صورتحال پر کئی سنجیدہ سوالات اٹھادیے ہیں۔ پارٹی شہید پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے بھی دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتی ہے

# پشتونوں کا مسئلہ عالمی فورمز پر لے جانے پر مجبور نہ کیا جائے، محمود خان اچکزئی

بندوق کے زور پر کوئی انتظام چلایا جا سکتا ہے نہ ہی عوام سے ان کے سیاسی شعور، آئینی حقوق اور وسائل پر مستقل قبضہ کیا جا سکتا ہے

کوئٹہ شہر میں آباد سیٹلر، ہزارہ اور دیگر شہری آبادیوں کو بھی پشتونوں کے حصے میں شمار کیا جائے، سب کیلئے منصفانہ انتظامی فارمولہ ہو

سیاسی بے یقینی، معاشی بدحالی، روزگار اور وسائل سے محرومی نے پشتونوں کو شدید متاثر کیا، عوامی جرگے کی افتتاحی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ ریاست کو ...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونوں کی آواز اور ان کے بنیادی آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کا مطالبہ سنا جائے اور ہمیں اس امر پر مجبور نہ کیا جائے کہ ہم اپنا مقدمہ بین الاقوامی فورمز پر لے جائیں۔ بندوق کے زور پر ریاستی انتظام چلایا جا سکتا ہے، نہ عوام کے ذہنوں، ان کے سیاسی شعور، آئینی حقوق اور وسائل پر مستقل قبضہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے یہ بات جنوبی پشتونخوا کے تین روزہ عوامی جرگے سے اپنے افتتاحی خطاب میں کہی۔ جو نواب ایاز خان جوگیزئی کی صدارت میں کوئٹہ میں ہوا۔ جس سے خطاب کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پشتون آج اپنی تاریخ کے ایک غیر معمولی دور سے گزر رہے ہیں۔ سیاسی بے یقینی، معاشی بدحالی، امن و امان کی سنگین صورتحال اور اپنے وسائل و اختیارات سے محرومی نے پشتون معاشرے کو شدید متاثر کیا ہے۔ ان حالات میں جنوبی پشتونخوا کے عوامی جرگے کا انعقاد اس لیے ضروری سمجھا گیا کہ جرگہ محض سیاسی جماعتوں کا فورم نہیں بلکہ عوامی رائے، اجتماعی دانش اور ہر مکتبہ فکر کے صاحب رائے افراد کو براہ راست اپنی بات رکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

# جھالاوان میں قیام امن کیلئے ہر ممکن اقدام اٹھائیں گے، نواب زہری

پورے بلوچستان میں بسنے والے عوام کی جان، مال، عزت و ناموس پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں، سابق وزیراعلیٰ

کسی کو اندوہناک واقعہ پر دکانداری چمکانے کی اجازت نہیں، چیف آف جھالاوان

کوئٹہ (پی پی آئی) پاکستان مسلم لیگ کے مرکزی رہنما و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری اور صوبائی مشیر امداد باہمی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے قبائلی و سیاسی رہنماؤں سردار محمد علی جنگ اور میر محمد اکبر جنگ نے جھالاوان ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان بالخصوص جھالاوان کی سیاسی و قبائلی صورتحال، امن و امان اور مختلف معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس ...... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثناء اللہ خان زہری نے کہا کہ جھالاوان کا امن اور استحکام ہمارے لئے انتہائی عزیز ہے۔ علاقے میں قیام امن کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ خان زہری نے اندوہناک میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جھالاوان سمیت پورے بلوچستان میں بسنے والے عوام کی جان، مال، عزت و ناموس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ واقعہ میں ملوث عناصر خواہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ جھالاوان میں آباد تمام اقوام میرے اپنے ہیں اور سب مجھے عزیز ہیں، کسی کو ہمدردی کے نام پر سیاست یا اندوہناک واقعہ پر دکانداری چمکانے کی اجازت نہیں دی جائے گی انہوں نے کہا کہ کسی بھی شخص کو انسانی جان اور عزت و ناموس کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، قانون سب کیلئے برابر ہے اور واقعے کے ذمہ دار افراد جلد قانون کے کٹہرے میں ہوں گے نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ جھالاوان سمیت بلوچستان میں امن، استحکام اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر ممکن کردار ادا کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 31 AUG 2026 Page No. 14


## 4 ستمبر کا جلسہ مسائل اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، نیشنل پارٹی

**بلوچستان خصوصاً کوئٹہ کے مسائل روز بروز سنگین ہوتے جارہے ہیں: علی احمد لانگو**

کوئٹہ (آن لائن) 4 ستمبر کو علمدار روڈ پر ہونے والے جلسے کی تیاریوں کے سلسلے میں کارنر میٹنگ نیشنل پارٹی کے ممبر مرکزی کمیٹی نیاز بلوچ کی زیرِ صدارت، مرکزی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر رمضان ہزارہ کی رہائش گاہ پر منعقد ہوئی۔ اجلاس سے نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو، مرکزی کمیٹی کے اراکین نیاز بلوچ، ڈاکٹر رمضان ہزارہ، صوبائی انسانی حقوق سیکرٹری انیل غوری، ریاض زہری، آغا ذبن شاہ، ثنا اللہ کمیازئی، عارف کرد، حاجی اصغر علی ہزارہ سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا اجلاس کی نظامت حنیف کاکڑ نے سرانجام دی۔

## خوف و جبر کا سلسلہ معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے چکا، بی این پی

**مذاکرات، مکالمہ ضروری، طاقت کے ذریعے سیاسی مسائل کا حل ممکن نہیں**

**بی این پی عوام کو خاموش کرانے کی ہر کوشش کیخلاف مزاحمت جاری رکھے گی: بیان**

کوئٹہ (آن لائن) جبری گمشدگیوں کے عالمی دن کے موقع پر بلوچستان نیشنل پارٹی واضح کرتی ہے کہ بلوچستان میں شہریوں کو جبری طور پر لاپتہ کرنا محض انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہیں بلکہ آئین قانون اور جمہوری اصولوں پر کھلا حملہ ہے۔ بلوچستان میں کسی کی عمر، جنس یا حیثیت بھی اسے اس جبر سے محفوظ نہیں رکھتی۔ نوجوانوں سے لے کر بزرگوں تک، طلبہ سے سیاسی کارکنوں تک، خواتین سے بچوں تک، خوف اور جبر کا یہ سلسلہ پورے .........

بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

معاشرے کو اپنی لپیٹ میں لے چکا ہے۔ کسی انسان کو اٹھا کر لاپتہ کر دینا اور خاندان کو برسوں اس کی خبر سے محروم رکھنا قانون شکنی ہے۔ بی این پی سمجھتی ہے کہ طاقت اور جبری گمشدگیوں کے ذریعے سیاسی مسائل حل نہیں کیے جاسکتے تاریخ گواہ ہے کہ جبر وقتی طور پر آواز کو دبا سکتا ہے مگر عوام کے حق زندگی، حق سیاسی اظہار کو ختم نہیں کرسکتا۔ ہم ہر وقت ان ماؤں، بہنوں، بیٹیوں اور بچوں کے ساتھ کھڑے ہیں جن کے پیارے برسوں سے لاپتہ ہیں ان کے آنسو اور احتجاج کسی رعایت کی بھیک نہیں بلکہ انصاف اور آئینی حق کا مطالبہ ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی مطالبہ کرتی ہے کہ تمام لاپتہ افراد کو فوری طور پر بازیاب کیا جائے

INTEKHAB QUETTA

## نیشنل پارٹی مخلص کارکنوں پر مشتمل سنجیدہ قوم پرست جماعت ہے، ڈاکٹر عبدالمالک

**قاسم کچھی کی قیادت میں کوشکلات یونٹ کے وفد کی ملاقات، علاقائی و تنظیمی امور پر تبادلہ خیال**

تربت (نمائندہ انتخاب) نیشنل پارٹی کے قائد ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے نیشنل پارٹی کوشکلات یونٹ کے وفد نے قاسم جان کچھی کی قیادت میں ملاقات کی۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال سمیت علاقائی اور تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کوشکلات یونٹ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل پارٹی مخلص و نظریاتی کارکنوں

بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

پر مشتمل سنجیدہ و قوم پرست سیاسی جماعت ہے، جس سے بلوچستان کے عوام کی امیدیں وابستہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کے باشعور کارکن اپنے حوصلے، یقین اور سیاسی جدوجہد برقرار رکھیں کیونکہ نیشنل پارٹی بلوچستان کے عوام اور بلوچ قوم کی آواز بن چکی ہے۔ ڈاکٹر عبدالمالک نے مزید کہا کہ نیشنل پارٹی کوشکلات یونٹ فعال، متحرک اور منظم تنظیم ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ کوشکلات کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے مرحلہ وار کوششیں جاری ہیں اور علاقے کے مسائل حل کیے جائیں گے۔ ملاقات کے اختتام پر نیشنل پارٹی کوشکلات یونٹ کے وفد نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا مسائل کے حل کے حوالے سے یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 31 AUG 2026 Page No. 15

# ماشکیل، دہشتگردوں کی سرکاری تنصیبات تباہ کرنے کی کوشش ناکام

## فورسز کی موثر جوابی فائرنگ سے دہشتگرد حواس باختہ ہو کر فرار ہو گئے، اسلحہ، گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں قبضے میں لے لی گئیں

**مسلح افراد نے ماشکیل میں پولیس، کسٹم، ویئر ہاؤس اور دیگر سرکاری عمارات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل**

راولپنڈی (این این آئی) سیکیورٹی فورسز نے ماشکیل میں بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے دشمن کے ناپاک عزائم کو ناکام بنا دیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ماشکیل میں دہشت گردوں کی سرکاری عمارات کو نقصان پہنچانے کی کوشش ناکام بنا دی۔ سیکیورٹی

بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز کی موثر جوابی فائرنگ سے دہشت گرد حواس باختہ ہو کر فرار ہونے پر مجبور ہو گئے، کارروائی کے دوران دہشت گردوں سے اسلحہ، گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں قبضے میں لے لی گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ماشکیل کے مطابق مسلح افراد نے ماشکیل میں پولیس، کسٹم، ویئر ہاؤس اور دیگر سرکاری عمارات کو نشانہ بنانے کی کوشش کی، صورتحال کی سنگینی کے پیش نظر ایف سی بلوچستان نے فوری اور موثر جوابی کارروائی کی۔ اے سی کے مطابق سیکیورٹی فورسز کے بروقت ردعمل کے بعد مسلح افراد مزاحمت جاری رکھنے میں ناکام رہے، موثر کارروائی کے باعث مسلح افراد اپنی گاڑیاں اور بڑی مقدار میں گولہ بارود موقع پر چھوڑ کر فرار ہو گئے۔

INTEKHAB QUETTA

## اوستہ محمد نامعلوم شخص کی نعش برآمد

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) اوستہ محمد پولیس نے نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔ پولیس کے مطابق اوستہ محمد کے علاقے سے پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے سرد خانے میں رکھوا دی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: MEEZAN QUETTA 31 AUG 2026
Bullet No 6
Page No. 17

# ناقص خوراک کیخلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی سرگرم!

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں عوام کو ایک عرصے سے ناقص خوراک فراہم کی جارہی ہے۔ان کو اشیاء خوردونوش میں ملاوٹ شدہ اور مضر صحت اشیاء فروخت کی جارہی ہیں۔ان میں سیوریج کے پانی سے کاشت کی گئی سبزیاں، مضر صحت کوکنگ آئل، ناقص بیکری مصنوعات، دودھ، دہی، مکھن میں ملاوٹ کے ساتھ ساتھ اکثر فوڈ پوائنٹس، ہوٹلوں، آئسکریم پوائنٹس اور دیگر کارخانوں میں صفائی کا فقدان اور دیگر مسائل شامل ہیں۔متعلقہ اداروں کو ملوث افراد کیخلاف سخت کاروائی کرنی چاہیے۔جوکہ عوام کی صحت عامہ کے لیے انتہائی ناگزیر ہے۔

صوبائی وزیر وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی ہدایات پر ناقص خوراک کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی صوبہ بھر میں کاروائیاں بلاتعطل جاری ہیں۔گذشتہ روز فوڈ سیفٹی ٹیموں نے کوئٹہ، حب حرم زئی، پشین اور کوہلپور سمیت مختلف علاقوں میں کاروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 20 خوراک مراکز و پوائنٹس پر جرمانے عائد، متعدد مراکز کو اصلاحی نوٹسز جبکہ ایک غیر معیاری مصالحہ جات بنانے والے یونٹ کو سیل کردیا۔ترجمان کے مطابق ایسے اقدامات کرنا بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔عوام کی صحت سے کھیلنے اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف کاورائیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان میں صوبائی وزیر وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی ہدایات پر ناقص خوراک کے خلاف کی جانے والی کاروائیاں قابل تعریف اقدام ہیں کیونکہ یہ مافیا چند پیسوں کی خاطر ناقص خوراک فراہم کرکے عوام کی صحت کے ساتھ کھیل رہے ہیں وہ یہ ناقص اشیاء فروخت کرکے خوب پیسہ بنارہے ہیں۔جبکہ عوام علاج پر خرچہ کررہی ہے جوکہ یقیناً عوام کے ساتھ زیادتی کے مترادف اقدام ہے۔یہاں اس بات کا ذکر کرنا ازحد ضروری ہے کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو اس سلسلے میں کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہ کرتے ہوئے اپنی کاروائیوں کو مسلسل اور تیز کرنا چاہیئے تاکہ ایسے مافیاز کا مکمل صفایا ہوسکے۔ان کو محض گرفتار کرکے چند ہزار روپے جرمانے یا چند دنوں کے لیے ان کے مراکز کو سیل کردینا کافی نہیں ہے کیونکہ وہ ضمانت پر رہا اور مراکز کو دوبارہ کھلواکر ایک بار پھر اپنا نقصان پورا کرلیتے ہیں۔

اس لیے یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ ناقص خوراک کیخلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو اس عمل کو مسلسل جاری رکھنا چاہیئے اور خصوصاً سیوریج کے پانی سے اگانے والی فصلوں کیخلاف کاروائی میں کوئی ناغہ نہیں ہونا چاہیئے کیونکہ یہاں ایسا ہوتا ہے کہ ایک دن اس سلسلے میں کاروائی کی جاتی ہے پھر اس معاملے پر خاموشی اختیار کرتے ہوئے اس مافیا کو دوبارہ سیوریج کے پانی سے سبزیاں اگانے کا موقع فراہم کردیا جاتا ہے جوکہ بالکل صحیح نہیں ہے۔اس ضمن میں مذکورہ محکمے کو ایک مانیٹرنگ سسٹم بنانا چاہیئے جو مسلسل ایسے مقامات کی مانیٹرنگ کرے جہاں کاروائیاں ہوتی ہوں تاکہ یہ مافیا دوبارہ سیوریج کے پانی سے سبزیاں نہ اگاسکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 31 AUG 2026 Page No. 18


# انتہائی پرخطر انسانی خدمات سے عالمی AI اختراع تک

[illegible]

آغا محسن علی خان کا شاندار اور متاثر کن سفر بلوچستان کے مشکل ترین حالات میں انسانی خدمت سے کیریئر کا آغاز، انسانی حقوق، خواتین کی بااختیاری، لڑکیوں کی تعلیم اور غذائی تحفظ کے منصوبوں کی قیادت؛ امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے ممتاز اٹلس کورپس فیلوشپ کے لیے انتخاب، آج کینیڈا میں CleverBotix AI کی قیادت کررہے ا کینیڈا عالمی ترقی، انسانی فلاح اور جدید ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایسے افراد کم ہی دکھائی دیتے ہیں جنہوں نے انتہائی مشکل اور پرخطر میدانی حالات میں انسانی خدمت سے اپنے سفر کا آغاز کیا ہو اور بعدازاں جدید مصنوعی ذہانت (AI) کی دنیا میں اختراع اور قیادت کی ایک نئی راہ ہموار کی ہو۔ CleverBotix AI کے چیف ایگزیکٹو آفیسر آغا محسن علی خان کا سفر اسی غیر معمولی جدوجہد، تجربے اور وژن کی ایک عملی ذکر مثال ہے۔ آغا محسن علی خان نے اپنے پیشہ ورانہ سفر کا آغاز پاکستان کے صوبہ بلوچستان کے مشکل اور غیر منظم ماحول سے کیا، جہاں انہوں نے بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ، کمیونٹی ڈویلپمنٹ اور انسانی فلاح کے لیے ایسے حالات میں خدمات انجام دیں جہاں کام کرنا نہ صرف مشکل بلکہ کئی مواقع پر انتہائی پرخطر بھی تھا۔ یونیورسٹی آف بلوچستان سے بین الاقوامی تعلقات (International Relations) میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد آغا محسن علی خان نے اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو محض ذاتی ترقی تک محدود رکھنے کے بجائے انسانی خدمت اور سماجی بہتری کے لیے وقف کیا۔ انہوں نے مختلف میدانی منصوبوں میں لڑکیوں کی تعلیم، انسانی حقوق، خواتین کی بااختیاری، غذائی تحفظ اور ہنگامی امداد جیسے اہم شعبوں میں عملی کردار ادا کیا۔ ان کی مسلسل محنت، میدانی تجربے اور پروگرام مینجمنٹ کی صلاحیتوں نے انہیں پاکستان میں قومی و غیر منافع بخش اداروں کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی این جی اوز اور اقوام متحدہ کے اداروں میں بھی اہم ذمہ داریوں تک پہنچایا۔ مختلف پیچیدہ اور حساس منصوبوں کی نگرانی کے دوران انہوں نے نہ صرف انتظامی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا بلکہ انسانی فلاح کے منصوبوں کو موثر انداز میں پایہ تکمیل تک پہنچانے میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ امریکی محکمہ خارجہ کی جانب سے اہم اعزاز آغا محسن علی خان کی پیشہ ورانہ قابلیت اور Monitoring & Evaluation (M&E) کے شعبے میں تجربے کو عالمی سطح پر بھی پذیرائی ملی، جس کے نتیجے میں امریکی محکمہ خارجہ نے انہیں واشنگٹن ڈی سی میں منعقد ہونے والی ممتاز اٹلس کورپس فیلوشپ (Atlas Corps Fellowship) کے لیے منتخب کیا۔ واشنگٹن ڈی سی میں انہوں نے Creative Associates International کے ساتھ بطور Monitoring & Evaluation Specialist خدمات انجام دیں، جہاں انہیں خواتین کی اقتصادی خودمختاری سے متعلق اہم پروگراموں کی نگرانی اور جائزے کی ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ ان پروگراموں میں ExxonMobil کی مالی معاونت سے چلنے والے منصوبے بھی شامل تھے۔ یہ تجربہ ان کے پیشہ ورانہ سفر میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوا، جہاں انہوں نے عالمی سطح پر پروگرام مینجمنٹ، مانیٹرنگ، اثرات کے جائزے اور سماجی ترقی کے جدید طریقہ کار کو قریب سے سمجھا۔ انسانی خدمت سے مصنوعی ذہانت تک ایک منفرد تبدیلی آج آغا محسن علی خان کینیڈا میں مقیم ہیں، جہاں انہوں نے اپنے وسیع غیر منافع بخش شعبے کے تجربے کو جدید Artificial Intelligence (AI) ٹیکنالوجی کے ساتھ جوڑتے ہوئے ایک نئے اور منفرد سفر کا آغاز کیا ہے۔ CleverBotix AI کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی حیثیت سے وہ ایک ایسی ٹیم کی قیادت کر رہے ہیں جس کا مقصد غیر منافع بخش اداروں اور فلاحی تنظیموں کے لیے فنڈ ریزنگ کے روایتی، وقت طلب اور محنت طلب نظام کو جدید، موثر اور خودکار بنانا ہے۔ CleverBotix AI کے ذریعے AI-powered workflows، ڈونر سے خودکار رابطہ کاری، بہتر پائپ لائن مینجمنٹ اور ذہین نظام کو فروغ دینے کی کوشش کی جارہی ہے تاکہ غیر منافع بخش ادارے اپنی انتظامی مشکلات اور غیر ضروری دفتری بوجھ کو کم کرکے اپنے اصل مشن پر زیادہ توجہ مرکوز کرسکیں۔ آغا محسن علی خان کے مطابق: "غیر منافع بخش تنظیمیں دنیا کا سب سے اہم کام کرتی ہیں، لیکن وہ اکثر پرانے اور محنت طلب فنڈ ریزنگ کے طریقوں کی وجہ سے پیچھے رہ جاتی ہیں۔ CleverBotix AI میں ہمارا مقصد ان تنظیموں کو عالمی درجے کے AI ٹولز فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنے بنیادی مقصد یعنی عملی دنیا میں مثبت تبدیلی لانے، پر زیادہ توجہ مرکوز کرسکیں۔" ماضی کا میدانی تجربہ، مستقبل کی ٹیکنالوجی آغا محسن علی خان کے سفر کی سب سے نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ انہوں نے میدانی انسانی خدمات، ترقیاتی منصوبوں اور غیر منافع بخش اداروں کے عملی مسائل کو قریب سے دیکھا اور سمجھا، پھر انہی تجربات کو بنیاد بنا کر ٹیکنالوجی کے ذریعے ان مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی۔ ان کا سفر اس تصور کو تقویت دیتا ہے کہ ٹیکنالوجی صرف کاروباری دنیا کی ضرورت نہیں بلکہ انسانی فلاح، سماجی ترقی اور عالمی سطح پر مثبت تبدیلی کا طاقتور ذریعہ بھی بن سکتی ہے۔ بلوچستان کے مشکل ترین حالات میں انسانی خدمت سے آغاز کرنے والا یہ سفر آج AI اختراع، غیر منافع بخش شعبے کی ڈیجیٹل تبدیلی اور عالمی سماجی اثرات تک پہنچ چکا ہے۔ آغا محسن علی خان کی داستان اس بات کی روشن مثال ہے کہ جب انسانی خدمت کا جذبہ، عالمی تجربہ، پیشہ ورانہ مہارت اور جدید ٹیکنالوجی ایک ہی وژن کے تحت یکجا ہوں تو نہ صرف فرد اپنی منزل حاصل کرتا ہے بلکہ وہ پوری دنیا کے لیے مثبت تبدیلی کے نئے دروازے بھی کھول سکتا ہے۔